# 5 مئی 2016 کو پارلیمنٹ کے انتخابات کے لئے ووٹ ڈالنے کے لئے آپ کا رہنمائی کتابچہ



The Electoral Commission

## کون ووٹ دے سکتا ہے؟

آپ اِن انتخابات میں ووٹ دے سکتے ہیں اگر آپ کا سکاٹ لینڈ میں ووٹ دینے کے لئے اندراج ہوا ہے اور آپ **جمعرات 5 مئی 2016** کو 16 سالہ یا زائد عمر کے ہیں اور ہیں:

- برطانوی یا آئرش شہری، یا
- دولتِ مشترکہ کے شہری جن کے پاس یو کے میں رہنے کی اجازت ہے یا جن کو یو کے میں رہنے کے لئے اجازت کی ضرورت نہیں ہے، یا
- یورپی یونین کے کسی دوسرے ملک کے شہری

سکاٹش پارلیمنٹ کے انتخابات میں بیرونِ ملک بسنے والے برطانوی شہری ووٹ نہیں ڈال سکتے۔

**یہ سکاٹش پارلیمنٹ کے پہلے انتخابات ہیں جن میں 16 اور 17 سال کی عمر کے لوگ ووٹ ڈال سکتے ہیں**

اِن انتخابات میں ووٹ ڈالنے کے لئے آپ کا اندراج **پیر 18 اپریل 2016** کو آدھی رات تک ہوجانا چاہیے۔ یہ اہم بات ہے کہ جتنا پہلے ممکن ہو سکے آپ کو اندراج کروانا چاہیے ہوسکتا ہے رجسٹریشن آفس کو آپ کے ساتھ آپ کے کوائف چیک کرنا پڑیں۔

**اگر آپ کو حال میں ہی پول کارڈ ملا ہے تو آپ کا ووٹ ڈالنے کے لئے درج ہو چکا ہے۔**

آپ کا پول کارڈ بتائے گا کہ کہاں اور کیسے ووٹ ڈالنا ہے اور اگر آپ کا اندراج ہو گیا ہے تو آپ کو یہ انتخابات سے پہلے مل جائے گا۔

ووٹ ڈالنے کے لئے آن لائن اندراج کریں اِس پر:
**gov.uk/register-to-vote یا 0800 3 280 280**
**پر فون کرکے۔**



# میں ووٹ کیسے ڈالوں؟

ووٹ ڈالنے کے تین طریقے ہیں:

**1. جمعرات 5 مئی 2016 کو اپنے پولنگ سٹیشن پر**

آپ کو ایک پول کارڈ بھیجا جائے گا جس میں آپ کو بتایا جائے گا کہ آپ کا پولنگ سٹیشن کہاں ہے۔ ووٹ ڈالنے کے لئے آپ کو پول کارڈ کی ضرورت نہیں ہے اور اگر آپ سے یہ گم ہو جائے، یا یہ آپ کو موصول نہ ہو تو آپ پتہ کرنے کے لئے کہ آپ کا پولِنگ سٹیشن کہاں ہے، اپنی مقامی کونسل سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ **پولنگ سٹیشن صبح 7 بجے تا شام 10 بجے تک کھلے ہوتے ہیں۔**

**2. بذریعہ ڈاک**

بذریعہ ڈاک ووٹ ڈالنے کے لئے، پوسٹل ووٹ درخواستی فارم مکمل کریں اور اپنے مقامی انتخابی رجسٹریشن آفس کو **منگل 19 اپریل 2016 کو شام 5 بجے تک پہنچنے کے لئے بھیج دیں۔**

آپ کو اپنے بیلٹ پیپر بذریعہ ڈاک مل جائیں گے۔ اِس بات کو یقینی بناتے ہوئے اپنے بیلٹ پیپر مکمل اور واپس کریں کہ آپ نے مناسب وقت چھوڑا ہے کہ یہ **جمعرات 5 مئی 2016 کو رات 10 بجے تک پہنچ جائیں۔**

**3. بذریعہ پراکسی (کسی اعتبار والے شخص کو اپنی جگہ ووٹ ڈالنے کی اجازت دینا)**

بذریعہ پراکسی ووٹ ڈالنے کے لئے، پوسٹل ووٹ درخواستی فارم مکمل کریں اور اپنے مقامی انتخابی رجسٹریشن آفس کو **منگل 26 اپریل 2016 کو شام 5 بجے تک پہنچنے کے لئے بھیج دیں۔**

ایسی ہنگامی حالت میں جہاں اپ بذاتِ خود پولِنگ سٹیشن نہ جاسکتے ہوں، آپ جمعرات 5 مئی 2015 شام 5 بجے تک ہنگامی **پراکسی کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔**

مزید معلومات یا پوسٹل یا پراکسی درخواستی فارموں کے لئے **aboutmyvote.co.uk** پر جائیں یا ہماری ہیلپ لائن کو **0800 3 280 280** پر فون کریں

# بیلٹ فارم کیسے پُر کروں؟

آپ کو دو بیلٹ پیر ملیں گے:

## حلقے کے لئے بیلٹ پیپر
(مقامی علاقہ)

اِس بیلٹ پیپر پر آپ اپنے حلقے کی نمائندگی کے لئے امیدوار کو ووٹ دیں گے۔ **ایک امیدوار** کے نام کے سامنے خانے میں (X) کا نشان لگائیں۔

| | |
|---|---|
| **Election of Members of the Scottish Parliament for the [XXXXXXXXXXXXXX] Constituency** | |
| Vote for **only one candidate** by putting a cross in the box next to your choice | X |
| **Candidate A**<br>A Party | |
| **Candidate B**<br>B Party | |
| **Candidate C**<br>Independent | |
| **Candidate D**<br>D Party | |
| **Candidate E**<br>Independent | |

## علاقائی بیلٹ پیپر
(وسع تر انتخابی علاقہ)

اِس بیلٹ پیپر پر آپ اپنے علاقے کی نمائندگی کرنے کے لئے کسی پارٹی یا آزاد امیدوار کو ووٹ دیتے ہیں۔ **ایک پارٹی یا آزاد امیدوار** کے نام کے سامنے خانے میں (X) کا نشان لگائیں۔

| | |
|---|---|
| **Election of Members of the Scottish Parliament for the [XXXXXXXXXXXXXX] Region** | |
| Vote **only once** by putting a cross in the box next to your choice | X |
| **A Party** | |
| **B Party** | |
| **C Party** | |
| **Candidate D**<br>Independent | |
| **Candidate E**<br>Independent | |

# سکاٹش پارلیمنٹ کے انتخابات

**جمعرات 5 مئی 2016**، سکاٹش پارلیمنٹ کے لئے انتخابات ہوں گے۔

سکاٹش پارلیمنٹ کو سکاٹ لینڈ میں کئی شعبوں بشمول صحت، تعلیم، ہاؤسنگ، انصاف اور ماحولیات کے لئے قانون سازی کرنے کے اختیارات حاصل ہیں۔

سکاٹ لینڈ میں ہر کسی کی نمائندگی سکاٹش پارلیمنٹ کے آٹھ اراکین (ایم ایس پی) کرتے ہیں: ایک اُن کے حلقے (یا مقامی علاقے) کے لئے اور سات اُس وسیع تر علاقے کے لئے جہاں وہ رہتے ہیں۔

129 منتخب ایم ایس پی ہیں بشمول:

- 73 حلقہ ایم ایس پی، ہر 73 حلقوں کے لئے ایک
- 56 علاقائی ایم ایس پی، سکاٹ لینڈ میں ہر آٹھ انتخابی علاقوں میں سے ہر ایک کے لئے سات

سکاٹش پارلیمنٹ کے بارے میں مزید جاننے کے لئے،
**scottish.parliament.uk** پر جائیں



## مزید تفصیلات کیسے تلاش کریں

اگر آپ کوئی سوال کرنا چاہیں یا یہ لیف لٹ کسی اور زبان یا شکل میں حاصل کرنا چاہیں تو **aboutmyvote.co.uk** پر جائیں یا ہماری ہیلپ لائن کو 280 280 3 0800 پر فون کریں۔

ElectoralCommUK@



عکس © سکاٹش پارلیمنٹری کارپوریٹ باڈی – 2012۔
اوپن سکاٹش پارلیمنٹ لائسنس v1.0 کے تحت لائسنس کا اجرا کیا گیا۔

اِسے الیکٹورل کمیشن،
Lothian Chambers, 59-63 George IV Bridge,
Edinburgh EH1 1RN نے تخلیق کیا ہے۔

YOUR VOTE MATTERS
DON'T LOSE IT

© دی الیکٹورل کمیشن 2016